گپّو ناچ نہیں سکتی۔

Original Publisher: Pratham Books
Author: Menaka Raman
Illustrator: Krishna Chandran
Translator: Sameena Abdul Kareem Shaikh

राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۱

کومل میم جماعت اوّل میں بدھ کو ہونے والے ڈرامے کے لیے رقص کر کے دکھا رہی ہیں۔

تک دھنک دھن دھا

اپنا بایاں ہاتھ اوپر اٹھا۔

اوہو، گپّو اپنا دایاں ہاتھ اوپر اٹھاتی ہے۔ گپّو ناچ نہیں سکتی۔

دھم دھما دھم دھوم
کمرے میں تیز تیز گھوم

اوہو، گپّو بہت سست ہے

گپّو ناچ نہیں سکتی۔

ٹپ ٹپا ٹپ ٹپ
اوپر کودو جھٹ پٹ

اوہو ، گپّو نیچے بیٹھ جاتی ہے۔
گپّو ناچ نہیں سکتی۔

ڈب ڈوبی ڈوبی ڈو

اپنا بایاں پیر اندر لو

اوہو، گپّو اپنا دایاں پیر باہر نکالتی
ہے گپّو ناچ نہیں سکتی۔

سب گپّو کی طرف اشارہ کر کے ہنستے ہیں۔

گپّو غلط جو کر رہی ہے۔ لیکن کومل میم جانتی ہے کیا کرنا ہے۔ سب "گپّو کی طرح کرو" کہتی ہے۔

تک دھنک دھن دھا
کچھ ہاتھ نیچے کچھ اوپر اٹھا

دھم دھما دھم دھوم
تیز اور دھیرے کمرے میں گھوم

ٹپ ٹپا ٹپ ٹپ
اوپر ہو یا نیچے نہیں کوئی بات

ڈب ڈوبی ڈوبی ڈو
بس ہو یہ کوشش کہ تم ہو شامل

گپّو ناچ سکتی ہے
اور آپ سب بھی۔

Acknowledgements

Story Attribution:

Images Attributions:

گپّو ناچ نہیں سکتی۔

(Urdu)

جماعت اوّل الف میں سب جانتے ہیں کہ گپّو ناچ نہیں سکتی۔ جب طلباء اپنا بایاں ہاتھ اٹھاتے ہیں وہ دایاں اٹھاتی ہے۔ کیا کومل میم گپّو کو ناچ سکھا پاۓ گی؟ متضاد تصوّر پر مبنی رقص سے لطف اندوزی کی کہانی۔

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.